سوالِ ملائکہ کا مطلب یہ ہے کہ نبی کے مبلغین لوگوں سے ان کے عقائد اور طریقوں کے متعلق پوچھ گچھ کرینگے جنت نبی کی تعلیم پر عمل کرنا ہے اور اس سے انحراف عذاب نار ہے۔ بہاء اللہ کے ذریعے امت مسلمہ پر قیامت کے وارد ہونے کی خبر سورۂ ق سے پیش کی گئی ہے ملاحظہ ہو واستمع یوم ینادِ المناد من مکان قریب یوم یسمعون الصیحۃ بالحق ۔ ذالک یوم الخروج۔ یہاں المناد سے مراد بہاء اللہ ہیں اور مکان قریب کا اشارہ ایران کی طرف ہے۔

فن استدلال کے ایسے لطائف میں سے ایک ملاحظہ ہو۔ ولکل امۃ اجل۔ ہر امت کی ایک مقرر مدت ہے۔ ولکل اجل کتاب۔ ہر دورِ معین کے لیے ایک کتاب الٰہی ہوا کرتی ہے۔ فمن اوتی کتابہ بیمینہ فاولئک یقرؤن کتابھم ولا یظلمون فتیلا۔ جو لوگ دہنے ہاتھ میں لے کر کتاب کو پڑھیں گے اور اس کا صحیح مدعا پائیں گے، ان کا کوئی حق ضائع نہ کیا جائے گا۔ ووضع الکتاب فتری المجرمین مشفقین مما فیہ۔ کتاب الٰہی کے نازل ہونے پر مجرم اس کے نوشتوں سے ڈر رہے ہوں گے۔

کوئی صحیح الدماغ شخص اس "دفتر معرفت" کا اول تو مطالعہ کر ہی نہ سکے گا، اور اگر کر لے گا تو کچھ گنوائے گا ہی، پائے گا کچھ نہیں!

سجاد حیدر یلدرم | مرتبہ سید مبارز الدین صاحب ایم۔ اے۔ قیمت مجلد عہ

شائع کردہ :- ادارہ دانش و حکمت حیدر آباد، دکن۔

سجاد حیدر یلدرم اردو ادب کی تعمیر میں جلال الدین خوارزم شاہ، "خیالستان"، "حکایات و احتساسات" اور "ہما خانم" وغیرہ کے ذریعے جو حصہ ادا کر گئے ہیں اس سے اہل ذوق آگاہ ہیں۔ مرحوم کی سوانح اور ادبی جذبات کے تذکرے کی کمی کو پورا کرنے کے لیے جناب مرتب نے اس کتاب میں ان چند مضامین کو جمع کر کے شائع کر دیا ہے جو وقتاً فوقتاً سجاد اور اس کی نگارشات پر لکھے گئے ہیں۔ لکھنے والوں میں مولانا سید سلیمان ندوی، شوکت تھانوی، قاضی عبد الغفار اور بعض دوسرے معروف حضرات شامل ہیں سجاد حیدر کی پُرشکوہ نگارشات اس نسبۃً جنینی دورِ ادب کے آخری مرحلے سے تعلق رکھتی ہیں